Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 8 اگست 2026ء، 24 صفر المظفر 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 112

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں: فتنہ الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک

اعظم ورسک اور ضلع دیر میں آپریشنز کے دوران مارے گئے، آئی ایس پی آر، صدر مملکت، وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، صدر..... حکومت اور پوری قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیراعظم

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے ڈی جی اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیر مظہر اقبال الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی/اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گرد مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق (بقیہ نمبر 13)

سہ ماہی بنیادوں پر بجلی مہنگی ہونے کا امکان

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے نیپرا میں درخواست جمع کرا دی

لاہور (این این آئی) ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی میں درخواست جمع کرا دی ہے، درخواست میں کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں صارفین سے 23 ارب روپے وصول کرنے کی اجازت مانگی گئی ہے۔ نیپرا کے مطابق درخواست پر 12 اگست کو سماعت ہوگی جس میں بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، فیصلہ (بقیہ نمبر 14)

نجی ہاؤسنگ شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ

حکومت پنجاب نے پھاٹا افورڈیبل پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز 2026ء میں بھی تبدیلیوں کی منظوری دی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے نجی ہاؤسنگ شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے نجی ہاؤسنگ سکیموں کے قواعد میں اہم ترامیم کی منظوری دے دی۔ حکومت نے پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹی (بقیہ نمبر 17)

محسن نقوی کا اسلام آباد سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

سیف سٹی توسیعی منصوبہ 30 ستمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت، سیف سٹی توسیعی منصوبے کا مجموعی طور پر 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں وفاقی وزیر داخلہ کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سیف سٹی توسیعی (بقیہ نمبر 16)

آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کی بنیاد قرار

قومی مفاد، آئین و قانون کی بالادستی، حقائق پر مبنی رپورٹنگ اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے، ملک احمد خاں

لاہور (این این آئی) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں اور وزیر مملکت ملک رشید احمد خاں سے گورنر ہاؤس لاہور میں کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت سی پی (بقیہ نمبر 15)

ترک صدر رجب طیب اردوان، سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف مکہ میں سہ فریقی دفاعی معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا، اعلامیہ

سعودیہ، پاکستان اور ترکیہ میں دفاعی معاہدہ

خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کا سعودی عرب کا دورہ

معاہدے میں یہ واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا

مکہ مکرمہ/اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے جس کے تحت باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا، تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ جمعہ کو جاری مشترکہ اعلامیہ کے مطابق خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 24 صفر 1448ھ، بمطابق 7 اگست 2026ء، مملکت سعودی عرب کا دورہ کیا۔ ولی عہد اور وزیراعظم، عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے (بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم کی سعودی ولی عہد شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود سے ملاقات

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی ولی عہد و وزیراعظم شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے (بقیہ نمبر 19)

لاہور ہائیکورٹ نے ایل پی جی پر اضافی پریمیم وصولی روک دی

گیس عام آدمی کے استعمال کی چیز ہے، کمپنیاں رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایل پی جی کمپنیوں کی اضافی پریمیم وصولی فوری طور پر روک دی، عدالت نے اضافی پریمیم کی وصولی کے خلاف حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے اوگرا اور تمام لائسنس ہولڈر کمپنیوں سے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس مرزا (بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا دفاعی معاہدے کا پرجوش خیر مقدم

مکہ مکرمہ کی متبرک سرزمین سے دنیا کو ایک پیغام ملا ہے مسلم دنیا متحد ہے، معاشی، عسکری و سیاسی طاقتوں کا یکجا ہونا پوری امت کیلئے خوشخبری ہے

کسی ایک ملک پر حملہ، سب پر حملہ تصور ہوگا مکہ دفاعی معاہدے نے اسلامی دنیا کے اتحاد پر مہر ثبت کر دی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی معاہدے کا پرجوش خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی معاہدے کو امتِ مسلمہ کی تاریخ کا فیصلہ کن موڑ قرار دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، صدر رجب طیب اردوان (بقیہ نمبر 20)

مون سون کے بعد خستہ حال عمارتوں کا سروے کرایا جائے، وزیراعلیٰ کی ہدایت

مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ، تمام ڈپٹی کمشنرز کی ویڈیو لنک پر اجلاس میں شرکت

سیوریج اور ڈرینیج پراجیکٹس پر ایمپکٹ سٹڈی رپورٹ طلب، لاہور اور گوجرانوالہ کے ڈی سیز علی اعجاز اور نوید احمد شیخ کو شاباش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مون سون کے فوراً بعد ہر شہر میں خستہ حال عمارتوں کے سروے کی ہدایت کی اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام فیز ون کی جلد تکمیل کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پنجاب بھر کے تمام ڈپٹی کمشنرز نے (بقیہ نمبر 32)

مکہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی الصفا محل میں سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ملاقات

دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا

صدر کا فتنہ الخوارج کے دس دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم دس دہشت گردوں کو ہلاک (بقیہ نمبر 33)

لاہور، صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ظہیر اقبال چنڑ کی رہائشگاہ پر انکے والد مرحوم محمد اقبال چنڑ کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل اور وفد کی مکہ مکرمہ میں عمرہ ادائیگی

پاکستان کی ترقی و خوشحالی، عوام کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن و استحکام کیلئے خصوصی دعائیں کیں

وفد میں وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، خواجہ آصف، طارق فاطمی بھی ہمراہ تھے

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر، وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، عطاء اللہ تارڑ، معاون خصوصی طارق فاطمی اور پاکستانی وفد نے مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کیا۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عمرہ کی ادائیگی سے قبل وزیراعظم، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وفد کے دیگر ارکان (بقیہ نمبر 27)

وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، عطاء اللہ تارڑ اور پاکستانی وفد کے ارکان نے عمرہ ادا کیا

اراکین پارلیمنٹ و صوبائی اسمبلی کے اثاثوں اور واجبات کے گوشوارے جمع کروانے کی حتمی تاریخ 31 دسمبر ہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اراکین پارلیمنٹ و صوبائی اسمبلی کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے کہ اثاثوں اور واجبات کے گوشوارے برائے مالی سال 26-2025 جمع کروانے کی حتمی تاریخ 31 دسمبر ہے۔ الیکشن کمیشن کے بیان کے (بقیہ نمبر 34)

عبداللہ طاہر قتل کیس، مرکزی ملزمان افغانستان سے ملحقہ علاقے میں پہنچ گئے

گرفتاری کیلئے پولیس کی خصوصی ٹیم متعلقہ علاقے میں موجود، مبینہ ڈرون آپریٹر کی نشاندہی

لاہور (یان این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عبداللہ طاہر کے قتل میں ملوث مرکزی شوٹرز سمیت 3 ملزمان افغانستان کے قریب سرحدی علاقے میں پہنچ گئے۔ تحقیقات کے مطابق مرکزی شوٹرز سمیت تین ملزمان افغانستان سے ملحقہ (بقیہ نمبر 35)

کمشنر راولپنڈی کا زیر تعمیر چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ

منصوبے کی مجموعی پیش رفت 25 فیصد مکمل ہو چکی ہے جبکہ ہسپتال کے مرکزی ڈھانچے کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، بریفنگ

چلڈرن ہسپتال راولپنڈی خطے کا ایک نہایت اہم منصوبہ ہے، مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کا اصغر مال روڈ پر زیر تعمیر چلڈرن ہسپتال راولپنڈی کا تفصیلی دورہ۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، تعمیراتی اداروں کے نمائندگان، محکمہ صحت، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور دیگر متعلقہ اداروں کے حکام بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، جاری تعمیراتی سرگرمیوں، (بقیہ نمبر 12)

سلامتی کونسل کی سوات میں دہشت گرد حملے کی مذمت

دہشت گردی بین الاقوامی امن و سلامتی کیلئے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اراکین نے 2 اگست کو کبل میں پولیس اسٹیشن کے باہر خودکش حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گرد حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ سلامتی کونسل کے اراکین متاثرین کے اہلخانہ، حکومت پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں (بقیہ نمبر 22)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا سکیورٹی فورسز کی مختلف آپریشنز میں کامیابی پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی مختلف آپریشنز میں کامیابی پر اظہار تشکر کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اعظم ورسک اور دیر میں 10 دہشتگرد ہلاک (بقیہ نمبر 21)

پنجاب بھر میں بلڈ ڈونر رجسٹریشن مہم شروع

سیف سٹیز کا ورچوئل بلڈ بینک 72 ہزار سے زائد کیسز میں مدد فراہم کر چکا

لاہور (این این آئی) خون کا عطیہ دینے والے پولیس ملازمین کو تعریفی سرٹیفکیٹ، نقد انعام اور ایک دن کی چھٹی دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جاری کردہ مراسلے کے مطابق شہری خون دیں تو پنجاب سیف سٹیز کی جانب سے کمیونٹی سرٹیفکیٹ دیا جائے گا جبکہ تمام (بقیہ نمبر 23)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر سیف سٹیز اتھارٹی کا عملہ رضا کارانہ بلڈ ڈونر رجسٹریشن مہم کے دوران اہلکاروں و شہریوں کی رجسٹریشن میں مصروف ہے

کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے مسافروں کی سہولت کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے بین الاقوامی ٹینڈر (بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد نے پرتپاک استقبال کیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب و وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مکہ مکرمہ میں قصر الصفا آمد، سعودی ولی عہد و وزیراعظم شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ دونوں رہنماں کے مابین دوطرفہ ملاقات شروع۔ ملاقات میں نائب (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی کو مثالی ضلع بنایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر

کھلے ڈرینز اور مین ہولز فوری مرمت کر کے کور کیے جائیں، سڑکوں، سکولوں اور ہسپتالوں کے سامنے زیبرا کراسنگ 16 اگست تک مکمل کیے جائیں

کام نہ کرنے والے افسران کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، سب جواب دہ ہوں گے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت راولپنڈی کو پنجاب کا بہترین اور مثالی ضلع بنانے کے لیے تمام سرکاری محکمے اپنی بھرپور صلاحیتیں اور وسائل بروئے کار لائیں گے۔ کسی بھی افسر یا ادارے کی غفلت یا سستی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر متعلقہ افسر اپنی کارکردگی کا جواب دہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے صوبے میں بہترین گورننس کے لیے جاری خصوصی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی (بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر گڈ گورننس کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تین طبی اداروں کو مختلف اعضاء کی پیوندکاری کیلئے رجسٹریشن جاری

پی کے ایل آئی کو لبلبہ ٹرانسپلانٹ کے لیے 3 سالہ رجسٹریشن دی گئی

لاہور (این این آئی) تین طبی اداروں کو مختلف ٹرانسپلانٹس کرنے کے لیے رجسٹریشن دے دی گئی۔ سلیم میموریل ہسپتال اور ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کو رینل ٹرانسپلانٹ کی 3 سالہ رجسٹریشن جاری کی گئی۔ پی کے ایل آئی کو لبلبہ ٹرانسپلانٹ کے (بقیہ نمبر 28)

پاکستان سے گدھے کی مصنوعات کی پہلی کمرشل کھیپ چین پہنچ گئی

پاکستانی مصنوعات کے لیے چینی مارکیٹ کے دروازے مزید کھل گئے

بیجنگ (این این آئی) پاکستان سے گدھے کی مصنوعات کی پہلی کمرشل کھیپ چین کے صوبہ گوانگ ڈونگ پہنچ گئی، جہاں اس نے کسٹمز کلیئرنس کا مرحلہ مکمل کر لیا۔ پاکستانی مشن گوانگ ڈو کے ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر محمد عمران نے چائنا اکنامک نیٹ سے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نیشنل مینارٹی ویک کی افتتاحی ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.28 فیصد اضافہ، سالانہ شرح 9.29 فیصد تک پہنچ گئی

20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 کی قیمتوں میں کمی، 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 9.29 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 20 اشیائے ضروریہ (بقیہ نمبر 30)

پنجاب بھر میں جعلی اور فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

رواں سال ایک لاکھ 80 ہزار سے زائد کارروائیاں، لاہور میں 44 ہزار سے زیادہ گاڑیوں کیخلاف ایکشن

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر جعلی فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیوں میں تیزی آ گئی، رواں سال غیر نمونہ اور فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر 1 لاکھ 80 ہزار سے زائد کاروائیاں کی گئیں۔ (بقیہ نمبر 31)

25 کلوواٹ تک بجلی پیدا کرنے پر نیپرا اجازت کی شرط ختم

نوٹیفکیشن کے تحت سولر صارفین کو 25 کلوواٹ تک بجلی پیدا کرنے کی سہولت پر نیپرا سے اجازت نہیں لینے پڑی گی

مہنگی بجلی کے باوجود دستیاب نہ ہونے کے باعث امیر کے ساتھ اب نچلا طبقہ بھی سولر سسٹم کی جانب راغب ہو رہا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سولر ریگولیشنز 2026 میں ترمیم کر دی ہے۔ نیپرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت سولر صارفین کو 25 کلوواٹ تک بجلی پیدا کرنے کی سہولت پر نیپرا سے اجازت نہیں لینے پڑی گی۔ متعلقہ بجلی تقسیم کار کمپنی کو براہ راست منظوری دینے کا اختیار دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ ملک میں مہنگی بجلی اور لوڈشیڈنگ (بقیہ نمبر 36)

بولان، نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں پولیس اہلکار شہید

سکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بولان کے علاقے دوسہ کراس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں بلوچستان پولیس کا ایک اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بالا ناڑی نیشنل ہائی وے پر واقع دوسہ کراس چوکی پر رات گئے نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں دورانِ ڈیوٹی اپنے فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار حافظ عبدالرشید ابڑو جام شہادت نوش کر گئے۔ واقعے کے بعد پولیس اور سکیورٹی اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ (بقیہ نمبر 37)

بچوں کی لڑائی پر خونریزی میں دو افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) بچوں کی لڑائی پر خونریزی میں دو افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا جن کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے پولیس تحویل میں لیکر مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ رحمان پورہ میں بچوں کی معمولی لڑائی پر خونریزی (بقیہ نمبر 38)

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

فیلڈ مانیٹرنگ مؤثر، عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اور صفائی آپریشنز کی روزانہ بنیاد پر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

صاف ستھرا ماحول شہریوں کا بنیادی حق اور انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی

سرگودھا (طارق قاسمی سے) کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت ستھرا پنجاب ایجنسی کی کارکردگی اور صفائی کے نظام کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کی صورتحال، ویسٹ مینجمنٹ سروسز، مشینری و عملہ کی دستیابی، کوڑا اٹھانے اور فیلڈ مانیٹرنگ کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے ہدایت کی کہ ستھرا (بقیہ نمبر 10)

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی ستھرا پنجاب ایجنسی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری بھی موجود ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

تجارتی خسارے میں اضافہ

وفاقی ادارۂ شماریات کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے مہینے 'جولائی میں ملک کا تجارتی خسارہ سالانہ بنیاد پر 25 فیصد سے زائد اضافے کیساتھ تین ارب 95 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا' جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی مہینے میں یہ خسارہ تین ارب 15 کروڑ ڈالر تھا۔ اگرچہ جولائی میں برآمدات سالانہ بنیادوں پر تقریباً 10 فیصد بڑھ کر دو ارب 94 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں مگر اس دوران درآمدات میں ہونے والا تقریباً 18 فیصد اضافہ برآمدات کی رفتار پر بھاری پڑ گیا۔ ملکی معیشت طویل عرصے سے درآمدی انحصار کا شکار ہے۔ توانائی' صنعتی خام مال' مشینری اور زرعی شعبے کیلئے درکار آلات کی بڑی مقدار بیرونِ ملک سے منگوائی جاتی ہے۔

اسی طرح اگر برآمدات کا زیادہ تر انحصار چند شعبوں تک محدود رہے گا تو عالمی منڈی میں قیمتوں' طلب یا جغرافیائی سیاسی تبدیلیوں کا اثر براہِ راست قومی معیشت پر پڑے گا۔ اس لیے برآمدی بنیاد کو وسعت دینا ناگزیر ہے تاکہ انجینئرنگ' آئی ٹی' فارماسیوٹیکل' زرعی ویلیو ایڈڈ مصنوعات اور دیگر برآمدی شعبے بھی مضبوط ہوں۔ تجارتی خسارے میں اضافے سے حکومتی پالیسیوں کا تعلق بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ توانائی کی بلند لاگت' ٹیکسوں کا پیچیدہ نظام' خام مال کی مہنگی دستیابی' بلند مالیاتی لاگت اور غیر یقینی پالیسی ماحول پاکستانی صنعت کی مسابقت کو متاثر کرتے ہیں۔ لہٰذا تجارتی خسارے میں کمی کیلئے حکومت کو سستی توانائی کی متواتر فراہمی' برآمدی صنعت کیلئے آسان مالی سہولتوں' درآمدی متبادل صنعتوں کے فروغ اور پالیسی تسلسل کو یقینی بنانا ہوگا۔

"اَور آخرِ کار"

تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی،
شہر: اِسلام آباد

میں جیت گئی مگر اِس کے لئے مجھے برسوں اِنتظار کرنا پڑا جس کا کچھ بھی قلق نہیں۔ میں اپنے نظریے میں سچی تھی حالانکہ میرا اعزاز اُن سے کہیں کم تھا۔ اُردو ادب کے آسماں کی وُسعتوں میں کہاں اُن کی اُونچی اُڑان اور کہاں میرا اِدراک، یعنی میرے فہم کا پرندہ اُڑنے کو پَر تول رہا تھا، بلکہ نہیں مجھے تو ابھی اُڑنا سیکھنا تھا۔ ابھی تو میری نگہء مُتلاش تھی ایسے اُستاد کی جس کی تربیت کی تاثیر مِتا سے بڑھ کر ہوتی۔ جن سے مجھے اُردو ادب کے آسمان کی لامتناہی وُسعتوں میں اُڑنا سیکھنا تھا کہ مجھے پختہ اُڑان والے اذہانوں کے بیچ منزل پانے کو اپنے لئے رَستہ مانپنا تھا۔ اور یہ بات تو سولہ آنے سچ ہے ایسے اُڑنے والوں میں گر کئی عقاب ہوں تو ٹاکرا کرگسوں سے بھی ہوتا ہی ہوتا ہے۔ سمجھ لیجئے مجھے اُن محترم کا نام بھول گیا ہاں اتنا ضرور بتاؤں گی شُمار اپنا وہ بھی مُلک کے نامور شعراء میں رکھتے تھے۔ یہ ہماری مُلاقاتیں ٹیلی فونک تھیں۔ کچھ دن ٹیلی فون پہ ہی اُستادی جھاڑتے ہوئے مجھے فرمایا گیا کہ ماشاءاللہ آپ تو بہت اچھا لکھتی ہیں کتاب شائع کرانے کے لئے اپنا لکھا تمام مواد مجھے ارسال کر دیجئے درستی کے بعد ہم کتاب کی طرف بڑھیں گے۔ حفظ ماتقدم کے طور پر میں نے دو سو غزلیات و نظم ہی بھیجنے پر اِکتفا کیا۔ میرا بھیجا گیا فی، سی، ایس پانے کے بعد تو اُستاد جی کی بولی ہی کچھ اور ہوگئی، مجھ سے فرمایا گیا کہ ہم نے سارا مواد کھنگال ڈالا ہمیں آپکی تحریروں میں موجودہ دور کی نسل کی دلچسپی کا سامان نہ مِلا۔ حضرت کی بات سُن کے ماتھا ٹھنکا پیشانی کی پُر فکر لکیریں کچھ اور نمایاں ہوئیں۔ میں نے عرض کیا حضور طے یوں نہیں پایا تھا بلکہ ٹیلی فون پہ ہی مان لیا گیا تھا کہ ہم کتاب چھاپیں گے اب مجھے آپ نئی رام لِلّہ سُنا رہے ہیں، (دراصل تب غربتی ایسی نہ چھائی تھی کتاب چھاپنے کا دِل پہ جنون سوار تھا، دِل پہ اِس لئے کہ تب فیصلے دماغ کی بجائے دِل کرتا تھا) مجھے کہا گیا سترہ سو ستاون کی شاعری اب نہیں چلتی، بی بی آپ ماڈرن دور میں جی رہی ہیں۔ عرض کی، حضور اِقبال کہاں سترہ سو ستاون کے ہیں اور پھر میری تحریروں میں کردار و افکار و خودی کی ہی تو باتیں ہیں اور کیا یہ، یہ عُنصر ماڈرن دور کے نفسوں میں نہیں پائے جاتے۔ میری سیر حاصل بحث بھی حضرت کو قائل کرنے میں قاصر رہی۔ ہار کے میں نے کہا کہ ٹھیک ہے میں آپ کو پیسے بھجوا رہی ہوں مجھے میری تحریریں واپس بھیج دیں، فرمایا گیا کہ وہ تو میں نے رَدّی کی ٹوکری میں سب پھینک دیا۔ اُس پل میرا دِل رویا تھا۔ (قلم کار تو اپنی لکھی لائن نہ کسی کو دے۔) ساتھ ہی فرمایا گیا کہ آپ کے پاس لکھا مواد اور بھی ہے۔ میں نے کہا جی بہت۔ بے لاج سے ہو کے بولے، وہ بھی سب مجھے پوسٹ کر دیجئے۔ محترم قاری سچ میں دِل تپا بیٹھا تھا لہٰذا میں نے تلملا کر عرض کی، حضور فکر نہیں کیجئے اُس لکھے مواد کو میں خود ہی رَدّی کی ٹوکری میں پھینک دوں گی۔ غُصّے سے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔ محترم قاری بات یہ نہیں کہ میرے ساتھ دھوکہ ہوا بلکہ قصّہ یہ ہے کہ ملک کے نامور شاعر نے سیدھے لفظوں میں کہہ دیا تھا کہ آج کی نسل کیا جانے اقبال کو وغیرہ وغیرہ، فرمانے لگے ایک شاعر وہ نہیں لکھے گا جو آج کی نسل کو پسند ہے تو اُس کا لکھا رَدّی کی ٹوکری میں ہی جائے گا۔ مجھے اِس بات کا واقعی دُکھ تھا، سچ کہوں تو اِسی بات پہ دورِ جدید کے شعراء سے خاری ہوگئی ماسوائے اِکا دُکا شاعروں کے علاوہ باقیوں کو ایک عرصے تک پڑھنا چھوڑے رکھا، قِصّہ مُختصر وہ موصوف اپنے افکار میں غلط ثابت ہوئے، کیونکہ آج کی نسل سے بھی نفوس بلند افکار رکھتے ہیں شَر کے ستائے ہوئے آج بھی بہت ہیں ہر بُری صحبت سے اُکتائے ہوئے، پریشان دِل آج بھی سکوں کی تلاش میں رہتے ہیں، آج بھی قُربِ الٰہی میں انسانوں سے چھپ کر، تپشِ شوق کا نظارا دکھانے والے موجود ہیں۔ اِس کے باوجود کہ نظروں کو برقی اندھیاروں نے اندھا کر رکھا ہے، مگر یہاں ہر آنکھ بے نور بھی نہیں، یہ سب اِس لئے کے آج کے لکھاریوں کی قلم آزادیء افکار سے بچ کر فکر و تدبر کی راہ دکھلاتی ہے۔ خودی کی زندگی جینے کے فَن سے آگاہ کر رہی ہے۔ عصرِ کہن کی قدر دان اور حال کی اچھائیوں، خامیوں پر عمیق نگہء رکھتی ہے۔ نوجوانوں میں خودی کی بیداری کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت و پرورش کے لئے اہلِ ہُنر سے برسرِ پیکار ہے۔ ہاں مانا کہ شاعری میں بے پردگیاں دَر آئیں بہت، اَب میں یہاں ذکر کروں کیا کیا، کہ باتوں سے بات نکلی تو بات جائے گی دُور تلک۔ اے میرے محترم و باادب قاری میں کسی کا کسی سے تقابل کرنا نہیں چاہ رہی میں تو صرف آج بہت سالوں بعد وہ غم کی داستان سُنانے لگ پڑی جس نے مجھے برسوں بے چین رکھا کہ اب شاعری صرف نوجوان نسل کے دلوں کو لبھانے کے لئے ہی جو کرے گا کامیاب ورنہ دوسری صورت میں، میری ذاتی رائے ہے کہ جب ایک قلم کار قلم اُٹھاتا ہے اُس کی نظر صرف اور صرف رَبّ کی رضا پر ہونی چاہئے۔ اُسے پتہ ہو کہ جیتے جی وہ بااختیار ہے مگر ایک دن اُسے اِس جہاں سے اگلے جہان میں مُنتقل ہونا ہے، پھر جب وہ بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا جائے گا اُسے اپنے لکھے کا حساب دینا ہے۔ محترم بے شک کلاسیکل شعراء اپنا الگ مقام و میعار رکھتے ہیں وہ جو مُحنتیں کر گئے اُن کا نعم البدل تو نہیں مگر آج کے شعراء میں بھی ایسے شاعر و شاعرات ہیں (چیدہ، چیدہ) جو آنے والے کل میں ان شاءاللہ اپنی تحریروں کے حوالے سے منفرد مقام رکھیں گے۔ جن کی شاعری میں عرنیات کا پرچار نہیں کیا گیا۔ میں اپنے قاری کے سامنے ایک نئی آنے والی شاعری کی کتاب کا ذکر کرنا چاہوں گی۔ یہ کتاب مجھے میرے اُستادِ محترم کی جانب سے بطور تحفہ بذریعہ ڈاک موصول ہوئی۔ سچ کہتے ہیں اُستاد اپنے شاگرد کے بارے جانتا ہے۔ مجھے پُختہ یقین ہے جب اُستادِ محترم مجھے کتاب بھیج رہے ہوں گے جانتے ہوں گے کہ اِس کی تحریریں مجھے ضرور بھائیں گی۔ مجھے واقعی اسے پڑھ کر خوشی ہوئی، (اِس کتاب میں سوائے ایک کمی کے کچھ ادھورا نہ تھا، شاعر، حمد پھر نعت کے بعد شانِ علی علیہ سلام بیان کرنے سے قاصر رہا) یہ کتاب "خوشبو کی آبشاریں" کے نام سے منظر پر آتی ہے جس کے مُصنف ہیں ملک سکندر جن کا تعلق ضلع چنیوٹ، تحصیل لالیاں کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے ہے، "خوشبو کی آبشاریں" کے انتساب میں لکھتے ہیں ابو جی، امی جی رفیقِ حیات اور بچوں کے نام۔ اِس کتاب کی تحریریں یہ ثابت کرتی ہیں کہ انتساب میں اِس تحریر سے صرف رسمِ دنیا ہی نہیں نبھی، بلکہ اِس کے لکھاری نے اپنے نظریات کو بھی اپنی تحریروں میں رقم کیا ہے۔ میں یہ ہرگز نہیں کہوں گی کہ موصوف اِقبال بنیں گے کیونکہ بلند افکاری میں ہر عبد کا رتبہ جدا ہے، میں یہ بھی ہرگز نہیں کہوں گی اقبال کو کاپی کیا گیا، بلکہ یوں کہنا زیادہ مناسب لگے گا کہ عقابی روح بیداری کے مرحلے طے کر رہی ہے۔ اِس کتاب سے کچھ تحریریں اپنے قاری کے سامنے ضرور رکھوں گی مگر اِس سے پہلے حضرت کا وہ لکھا جو اُنہوں نے اِس کتاب کے صفحہ نمبر آٹھ پر رقم کیا، کہتے ہیں میرے موضوعات میں قدرتی و فطری مناظر کے ساتھ، ساتھ معاشی و سماجی مسائل اور اس سے پیدا شدہ ناہمواریاں شامل ہیں۔ قانون کی پامالی، انصاف کا قتل غربت و افلاس۔ امارت و املاک کا ناحق قبضہ، عورت کی پامالی کی وجوہات، ماں بیٹی اور بیوی کے مقام کو منظوم کیا ہے۔ بے لگام روشن خیالی جو شہوت کی رواداریوں سے عورت کی عصمت کو گہنانے کے درپے ہے، کو مختلف اطوار سے منظوم کیا اور اِسلامک روشن پہلو سے عورت کی عصمت و مرتبت پر، عورت اور پردہ، جیسی منظومات تخلیق کیں وغیرہ وغیرہ۔ الغرض محترم قاری ایک سو چوالیس صفحات پر مشتمل اس کتاب میں جہاں زمین زادوں کی خصلت اور ان کی غفلت پر بات کی گئی وہیں قدرتی آفات کو بھی منظوم کیا گیا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر اس کتاب کی جس خوبی نے مجھے مُتاثر کیا وہ تھی محافظانِ پاکستان کی قُربانیوں کو سراہے جانا، اس میں بتایا گیا کہ کس طرح پاکستانی فوج ہر ہر مشکل میں اپنی قوم کیساتھ کھڑے ملتی ہے۔ شاعر نے "ضربِ عضب" سے پہلے اور "ضربِ عضب" کے بعد اور "بنیانِ مرصوص"، "پاک فوج کا سپاہی" میں ان جانبازوں کی قربانیوں کو بہترین خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ محترم قاری اس کتاب میں بے ردائی کی تبلیغ نہیں کی گئی۔ بلکہ وجودِ زَن سے جُڑے رشتوں کو تنبیہ کی گئی ہے۔ اِس میں زندگی گزارنے کا طریقہ بشری و فطری اصولوں کے تحت سمجھایا گیا ہے۔ ماں کے حوالے سے لکھتے ہیں، اس نے تربیتوں پر توجہ وہ دی، جس نے مجھ بے ہنر کو ہنر دے دیا۔ اس مختصر کتاب کی دلچسپ بات یہ ہے کہ اس میں ہر شعبہ ہائے زندگی کے بابت بات ہوئی۔ ان سبھی میں اہم جو مجھے لگی آج کے معاشرے کی بدنمائی کی ذمہ داری عورت کے ناتواں کندھوں پر نہیں ڈالی گئی۔ بلکہ مسائلِ نسواں اور اُن کے حل کی طرف خاندانوں کے بااثر ممبران کی توجہ دلائی گئی، یعنی مرد۔ کہا جاتا ہے غالب اس دنیا سے جانے کے بعد بھی بے سکون رہے اور آخر کار اقبال کے روپ میں پھر لوٹ آئے۔ یعنی کہنے والوں نے کہا کہ اقبال کو دیکھ کر لگتا غالب لوٹ آئے۔ مگر وہ غالب تھے، وہ اقبال۔ اب تو نہ کوئی غالب ہو گا، نہ کوئی اقبال۔ اب تو کئی غالب کے خلاف کتابیں شائع کریں گے اور کئی اقبال کی نفی کریں گے۔ ہاں مُتاثر ہونے والے مُتاثر ہوں گے بھی، جیسا کہ "خوشبو کی آبشاریں" کے مُصنف ملک سکندر۔ محترم قاری، ایک قلم کار کو قادرِ مُطلق اِس لئے نہیں نوازتا کے وہ اپنی شاعری کے ذریعے نسلوں کو بھٹکانے کا عمل سرانجام دے۔ یہ بات قابلِ فکر ہے کہ رَبِّ پنجتن تو بندوں میں سے چیدہ، چیدہ کو حُسنِ زن سے نوازے اور وہ اس رزق جو بصورتِ الہامی عِلم، کا غلط استعمال کرے۔ بے شک موصوف نے معاشرے کی خرابی کا ذمہ دار ایک عورت کو نہیں گردانا، یہ اُن کا بڑھا پن ہے۔ کتاب، "خوشبو کی آبشاریں" کے مُصنف کے لئے دلی دعا ہے کہ قادرِ مُطلق موصوف کو حق کی پہچان کرنے کی، حق پہ قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے، اور بوسیلہ علی ابنِ ابی طالب علیہ سلام کے ان کے علمی رزق میں خیر و برکت نازل فرمائے۔ آمین ثم آمین، محترم قاری مجھے لگتا نہیں بلکہ ہمارے پاکستانی معاشرے کو باشعور ماؤں کی ضرورت ہے۔ مائیں صرف وہی نہیں جو جنم دیتی ہیں بلکہ ہمارے خاندانی نظام میں نسلوں کی تربیت ماں کے علاوہ دادی، تائی، چاچی، مامی، خالہ، نانی وغیرہ بھی کر رہی ہوتی ہیں۔ یہ سبھی مستورات اگر خوفِ خدا اور رضائے الٰہی کو مدِ نظر رکھیں گی تو ہمارے معاشرے کی بدنمائی ختم ہو سکتی ہے۔ ورنہ کون سی خرابی ہے جو ہمارے معاشرے کا حصّہ نہیں۔ ہم عوام نے کبھی سوچا دنیا میں مسلم ممالک میں واحد پاکستان ملک ہے جو ایٹمی پاور ہے اور دشمن کے شر سے محفوظ بھی ہے۔ اللہ کی کرم نوازی سے اس کی محافظت کرنے والوں کے دم سے اس کی عزتوں کو چار چاند لگے۔ پاکستانی پاسپورٹ کو عزت مل رہی ہے تو صرف اور صرف افوجِ پاکستان کی قابلیتوں کی بنا پر۔ محترم قاری ملکی نظام بہتر ہے عوامی نظام نہیں بلکہ یوں کہنا زیادہ مناسب رہے گا پاکستانی خاندانوں کے نظام درست ہونے کی دعا ہے۔

اور اب اس کتاب سے کچھ اپنے قاری کی نظر میں، میں اپنی سوچوں کی سرزمین پر، اک ایسا گلشن بسا کے جاؤں، کہ جس کی خوشبو کی اجو سے سمر سمر کے غلطی آ تھمیں، زمیں پہ سبزہ بکھیرتی ہوں، صبا جو نکلے سجا کے زلفیں، فضا میں خوشبو مہک رہی ہو، لکھتے ہیں، منتظر ہیں سبھی معجزے کے لیے، ایک کلک سے نکل آئے مشکل کا حل، ایسا ہوتا نہیں ایسا ہونا نہیں، سخت محنت کے بدلے میں ملتا ہے پھل، لکھتے ہیں، باپ کی آنکھ کا ہیں یہ تارا بنیں، اور ماں کو بھی ہیں جان سی بیٹیاں، یہ نی کے حیات کے لیے لکھتے ہیں، ایک سلیقے سے رکھتی ہے ہر چیز کو، ایک ترتیب سے ایک ترکیب سے، اس نے گلشن بنایا ہے گھر کو میرے، لائی خوشبو ہے مشرق کی تہذیب سے، مزید کہتے ہیں، کھل کے اقرار کرنا ہے مشکل مگر، اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں، وہ محبت جو زوجہ کے دم سے ملے، اس محبت کا اظہار ممکن نہیں

روزمرہ کے کاموں کے دوران سانس پھولنے کو نظرانداز کیوں نہیں کرنا چاہیے؟

کراچی (سی ایم لنکس) طبی ماہرین کے مطابق مختصر فاصلہ طے کرنے، سیڑھیاں چڑھنے یا روزمرہ کے معمولی کام انجام دینے کے دوران سانس پھولنے کو محض تھکن سمجھ کر نظرانداز نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ یہ کسی اندرونی طبی مسئلے کی علامت ہوسکتا ہے۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ اگرچہ ماضی میں سانس پھولنے کی شکایت زیادہ تر عمر رسیدہ افراد میں عام سمجھی جاتی تھی، تاہم اب نوجوانوں میں بھی یہ مسئلہ بڑھ رہا ہے، جس کی ایک وجہ غیر فعال طرزِ زندگی اور جسمانی فٹنس میں کمی ہوسکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق بہت سے افراد طویل وقت تک ڈیسک پر بیٹھے رہتے ہیں یا موبائل فون اور کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہیں اور جسمانی سرگرمی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے، وقت گزرنے کے ساتھ جسمانی فٹنس میں کمی کے باعث معمولی جسمانی سرگرمی بھی زیادہ مشکل محسوس ہوسکتی ہے اور سانس پھولنے کی شکایت ہوسکتی ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق معمولی جسمانی سرگرمی کے دوران مسلسل سانس پھولنے کی شکایت دل، پھیپھڑوں، گردوں یا جگر سے متعلق مختلف بیماریوں کی وجہ سے ہوسکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق سانس پھولنے کے ساتھ چہرے یا آنکھوں کے گرد سوجن جگر کے مسائل کی نشاندہی کرسکتی ہے، جبکہ ٹانگوں میں سوجن گردوں کی بیماری کی علامت ہوسکتی ہے، اسی طرح ہاتھوں، پیروں اور چہرے پر بیک وقت سوجن دل سے متعلق مسائل سے بھی منسلک ہوسکتی ہے۔ ڈاکٹروں نے زور دیا ہے کہ ایسی علامات کی صورت میں خود تشخیص یا خود سے ادویات استعمال کرنے کے بجائے طبی معائنہ کروانا چاہیے۔ ماہرین کے مطابق سانس پھولنے کی دیگر وجوہات میں خون کی کمی، جسمانی فٹنس میں کمی یا عمومی کمزوری، دمہ، موسمی الرجی، نزلہ زکام اور کھانسی جیسی سانس کی بیماریاں، پھیپھڑوں کی دائمی بیماریاں اور طویل عرصے تک تمباکو نوشی شامل ہیں۔ چونکہ سانس پھولنے کی کئی ممکنہ وجوہات ہوسکتی ہیں، اس لیے اصل وجہ جاننے کے لیے مناسب طبی معائنہ ضروری ہے۔ بعض صورتوں میں سانس لینے میں دشواری کا تعلق نظامِ ہاضمہ کے مسائل سے بھی ہوسکتا ہے۔ ماہرینِ صحت سانس پھولنے کے خطرے کو کم کرنے اور مجموعی صحت بہتر بنانے کے لیے متوازن غذا، باقاعدہ جسمانی سرگرمی اور کھانے کے بعد ہلکی چہل قدمی کی تجویز دیتے ہیں، اس سے نظامِ ہاضمہ بہتر بنانے کے ساتھ جسمانی اور قلبی صحت برقرار رکھنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق اگر سانس پھولنے کی شکایت مسلسل برقرار رہے، وقت کے ساتھ بڑھتی جائے یا اس کے ساتھ سینے میں درد، چکر آنا، بے ہوشی، سوجن یا دیگر تشویشناک علامات ظاہر ہوں تو فوری طبی امداد حاصل کرنی چاہیے۔ نوٹ: یہ مضمون قارئین کی معلومات کے لیے شائع کیا گیا ہے، صحت سے متعلق امور میں اپنے معالج کے مشورے پر عمل کریں۔

SHOWBIZ شوبز

نازیہ حسن کی 26ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی

نازیہ حسن کو پرائیڈ آف پرفارمنس، بیسٹ فی میل پلے بیک 15 گولڈ ڈسکس ایوارڈز سے نوازا گیا

لاہور (این این آئی) معروف پاپ گلوکارہ نازیہ حسن کی 26ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی۔ نازیہ حسن 3 اپریل 1965 کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے اپنا بچپن اور نوجوانی کراچی اور لندن کے تعلیمی اداروں میں گزاری۔ 1980 میں وہ 15 برس کی عمر میں گلوکاری کی دنیا میں آئیں اور شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں، انہوں نے بھارت کے معروف فلمساز فیروز خان کی فلم قربانی میں "آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے گا نا گایا"۔ نازیہ حسن نے سرکاری ٹی وی، پی ٹی وی پر متعدد پروگرام اور ٹی وی کمرشلز میں بھی کام کیا۔ نازیہ حسن نے اپنے بھائی زوہیب حسن کے ساتھ مل کر پاکستانی موسیقی میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے پاکستانی نوجوان نسل کے ساتھ بیرون ملک بھارت، امریکہ، عرب امارات، لاطینی امریکہ سمیت دنیا بھر میں پذیرائی حاصل ہوئی اسی وجہ سے نازیہ حسن کو پاپ موسیقی کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ نازیہ حسن کینسر جیسے موذی مرض سے لڑتے ہوئے صرف 35 برس کی عمر میں 13 اگست 2000 کو لندن کے ایک ہسپتال میں انتقال کر گئی تھیں۔

دیپکا ککڑ نے اپنی مرضی سے اسلام قبول کیا، جیاتی بھاٹیا

2018 میں دیپکا نے شعیب ابراہیم سے شادی کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کیا تھا

ممبئی (این این آئی) بھارتی ٹی وی اداکارہ دیپکا ککڑ کی ساتھی اداکارہ جیاتی بھاٹیا نے انکشاف کیا ہے کہ 2018 میں دیپکا نے شعیب ابراہیم سے شادی کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کیا تھا بلکہ یہ دیپکا کا ذاتی اور روحانی فیصلہ تھا۔ ایک حالیہ انٹرویو کے دوران جیاتی بھاٹیا نے بتایا کہ میری دوست دیپکا اپنی زندگی کے ایک مشکل دور سے گزر رہی تھیں، اسی دوران دیپکا نے اجمیر شریف کی درگاہ پر حاضری دی جہاں انہیں ذہنی سکون اور حوصلہ ملا، بعد ازاں انہوں نے اپنی مرضی سے اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا اور اس فیصلے کا شادی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ جیاتی کے مطابق دیپکا نے خود مجھے بتایا تھا کہ یہ مکمل طور پر میری ذاتی پسند تھی۔ انہوں نے اس تاثر کو بھی مسترد کیا کہ دیپکا نے شوہر کے مذہب کے آگے سرِ تسلیم خم کیا۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ دیپکا اور شعیب ہمیشہ ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں کینسر کی تشخیص کے بعد شعیب نے دیپکا کا ہر مرحلے پر ساتھ دیا جبکہ دیپکا بھی برسوں سے شعیب اور ان کے خاندان کی بھرپور حمایت کرتی رہی ہیں۔ واضح رہے کہ دیپکا ککڑ اور شعیب ابراہیم کی شادی 2018 میں ہوئی تھی اور اس فنکار جوڑی کا 3 سالہ بیٹا روحان بھی ہے۔

کرینہ اور سنجے لیلا کا 25 سال پرانا اختلاف ختم ہونے کے قریب

سنجے لیلا بھنسالی نے اپنی آئندہ فلم میں مرکزی فیمیل رول کے لیے کرینہ کپور سے رابطہ کیا ہے

ممبئی (این این آئی) کیا بالی ووڈ کی ہیو کرینہ کپور اور سنجے لیلا بھنسالی کے درمیان 25 سال پرانا اختلاف ختم ہونیوالا ہے؟ اطلاعات کے مطابق کرینہ کپور خان سنجے لیلا بھنسالی کی نئی پروڈکشن میں ساؤتھ کے سپر اسٹار دھنوش کے مدمقابل مرکزی کردار ادا کرنے کے لیے بات چیت کر رہی ہیں۔ اگر یہ معاہدہ طے پا جاتا ہے تو یہ دونوں کی پہلی مشترکہ فلم ہوگی۔ اطلاعات کے مطابق سنجے لیلا بھنسالی نے اپنی آئندہ فلم میں مرکزی فیمیل رول کے لیے کرینہ کپور سے رابطہ کیا ہے۔ اس فلم میں دھنوش مرکزی کردار ادا کریں گے، جبکہ فیمیل کردار بھی کہانی میں برابر کی اہمیت رکھتا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ کرینہ نے اس پروجیکٹ میں دلچسپی ظاہر کی ہے، تاہم ابھی حتمی فیصلہ نہیں کیا اور دونوں فریقین کے درمیان معاملات پر بات چیت جاری ہے۔ یہ بڑے بجٹ کی افسانوی ایڈونچر ہوگی، فلم کی کہانی جنگل کے پس منظر میں پیش کی جائے گی۔ اگرچہ فلم سازوں نے ابھی

سلمان خان اور انکی بہن کو دھوکا دہی کیس میں طلب کرلیا گیا

عدالت نے تمام افراد کو 5 اکتوبر کو پیش ہو کر الزامات پر جواب جمع کرانے کا حکم دیدیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی شہر چندی گڑھ کی ضلعی عدالت نے بالی ووڈ اداکار سلمان خان، ان کی بہن الویرا خان اگنی ہوتری اور اسٹائل اینڈ کنٹینٹ جیولری پرائیویٹ لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز کو مبینہ دھوکا دہی کے مقدمے میں طلب کر لیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عدالت نے تمام افراد کو 5 اکتوبر کو پیش ہو کر الزامات پر جواب جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ یہ مقدمہ چندی گڑھ کے تاجر ارون گپتا کی درخواست پر درج کیا گیا ہے جن کا مقف ہے کہ انہیں بینگ ہیومن جیولری شوروم کھولنے کے لیے جھوٹے وعدوں پر آمادہ کیا گیا جس سے انہیں کئی کروڑ روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ درخواست کے مطابق ارون گپتا نے شوروم قائم کرنے پر تقریبا 3 کروڑ روپے سرمایہ کاری کی جن میں سے 1 کروڑ روپے صرف شوروم کی تعمیر و تیاری پر خرچ ہوئے۔ شکایت میں کہا گیا ہے کہ شوروم کھلنے کے بعد کمپنی نے وعدے کے مطابق کاروباری معاونت فراہم نہیں کی جبکہ فروری 2020 سے جیولری سپلائی کرنے والا اسٹور بند ہونے کے باعث کاروبار شدید متاثر ہوا۔ درخواست میں الزام لگایا گیا ہے کہ کمپنی سے وابستہ 6 افراد نے غلط معلومات دے کر سرمایہ کاری کروائی۔ دوسری جانب کمپنی پہلے ہی ان الزامات کی تردید کر چکی ہے، کمپنی کا کہنا ہے کہ 2018 کے معاہدے میں سلمان خان کا براہِ راست کوئی کردار نہیں تھا جبکہ سلمان خان فاؤنڈیشن نے 2015 میں صرف بینگ ہیومن برانڈ کا لائسنس دیا تھا۔

استاد نصرت فتح علی خان کی برسی 16 اگست کو منائی جائے گی

نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) عظیم گائیک استاد نصرت فتح علی خان کی 29 ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی۔ نصرت فتح علی خان 13 اکتوبر 1948 کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے، آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی۔ انہوں نے قوالی کی صنف میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے دنیا بھر میں بھرپور پزیرائی حاصل ہوئی۔ استاد نصرت فتح علی خان نے بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ٹائم میگزین نے 2000 میں ایشین ہیروز کی فہرست میں ان کا نام بھی شامل کیا، بطور قوال اپنے کیریئر کے آغاز میں انہیں کئی بین الاقوامی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ نصرت فتح علی خان کی قوالیوں کے پچیس البم ریلیز ہوئے جن کی شہرت نے انہیں گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں جگہ دلوائی۔ ان کی فنی خدمات کے صلہ میں انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے پرائیڈ آف پرفارمنس سے بھی نوازا گیا۔ وہ بیک وقت موسیقار اور گلوکار بھی تھے۔

صحت مند فلرٹنگ بہت اچھی چیز ہے، صباحت بخاری

حال ہی میں اداکار اور میزبان احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی

کراچی (این این آئی) پاکستانی سینئر اداکارہ صباحت بخاری کا کہنا ہے کہ ڈرامہ سیٹس پر اگر حدود و آداب کے دائرے میں رہتے ہوئے صحت مند فلرٹنگ کی جائے تو یہ کام کے ماحول کو خوش گوار اور ساتھی فنکاروں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ صباحت بخاری نے حال ہی میں اداکار اور میزبان احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری سے متعلق مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ پوڈکاسٹ کے دوران احمد علی بٹ نے سینئر اداکارہ سے سوال پوچھا کہ کیا کبھی کسی نے آپ پر ڈورے ڈالے ہیں؟ اس کے جواب میں صباحت بخاری نے کہا کہ آپ کا مطلب کیا ہے؟ بہت سے ساتھی فنکاروں نے میری تعریف کی ہے، بہت سے لوگوں نے اظہار پسندیدگی کیا ہے اور میں اسے ایک تعریف سمجھتی ہوں کیونکہ صحت مند فلرٹنگ بہت اچھی چیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوٹنگ کے دوران اس نوعیت کا مثبت اور باوقار ماحول فنکاروں کی توانائی میں اضافہ کرتا ہے، ساتھی اداکاروں کے ساتھ بہتر ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے اور دوستی کا ماحول بنتا ہے، جس کا مثبت اثر اسکرین پر نظر آنے والی کیمسٹری پر بھی پڑتا ہے۔ صباحت بخاری نے یہ بھی کہا کہ مجھے ملنے والی سب سے خوبصورت تعریف یہ ہے

SPORTS سپورٹس

ایرانی وومن ٹیم کی 2 فٹبالرز کو آسٹریلیا کی شہریت مل گئی

سڈنی (این این آئی) ایرانی وومن فٹبال ٹیم کی دو کھلاڑی فاطمہ پسندیدہ اور عاطفہ رمضانی زادہ باضابطہ طور پر آسٹریلیا کی شہری بن گئی ہیں، دونوں کھلاڑیوں نے رواں سال ایرانی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ 22 سالہ فاطمہ

بقیہ 1

کو مزید دلکش بنانے کے لیے مختلف تجاویز اور عملی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر گرین بیلٹس، پلانٹیشن، جدید شہری ڈیزائن اور ترتیبِ آرائش کے منصوبوں پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے پی ایچ اے کو ہدایت کی کہ میٹرو اسٹیشنز اور پلازے کے اطراف شجرکاری اور خوبصورت پودوں کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہو اور شہریوں کو خوشگوار ماحول میسر آئے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو یہ بھی ہدایت کی کہ میٹرو پلازے پر جدید ڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ اسکرینز کی تنصیب کے لیے قابلِ عمل منصوبہ تیار کیا جائے تاکہ شہری کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ جدید شہری انفراسٹرکچر کو بھی فروغ دیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راولپنڈی کو صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے ایسے منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد یقینی بنائیں جو شہر کے حسن میں اضافہ اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوں۔

بقیہ 2

پرلیکچرز دیئے۔ انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس اسپیس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کارروائی کے بارے میں آگاہی دی گئی، طلباء و طالبات کو چیئرمین ایسٹیٹ پولیس اسٹیشنز، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈکوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا بھی دورہ کروایا گیا تاکہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کر سکیں، انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات اور نوجوانوں کو پولیس آگاہی مہم میں شامل کیا جائے گا۔ نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد شہریوں خصوصاً نوجوان طلباء و طالبات کو موثر پولیسنگ، جرائم کی روک تھام، منشیات کے تدارک، کمیونٹی پولیسنگ کے لیے معاون بنانا ہے، تقریب کے اختتام پر ڈی ایس پی ایڈمن شاہد یاسمین نے فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام میں شامل طلباء و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

بقیہ 3

بچے کی قوتِ مدافعت کو مزید مضبوط کرتی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پولیو ویکسین آنتوں میں وائرس کے خلاف مضبوط مدافعت پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے، جہاں پولیو وائرس افزائش پاتا ہے، اور بار بار ویکسینیشن سے بچے کو وائرس کے خلاف مزید مؤثر تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کو بچوں کو متعدد مرتبہ پولیو کے قطرے پلائے جانے پر تشویش نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ ہر خوراک بچے کے تحفظ میں مزید اضافہ کرتی ہے۔ پولیو ایک انتہائی متعدی بیماری ہے اور بار بار ویکسینیشن بچوں کو اس خطرناک وائرس سے محفوظ رکھنے اور معاشرے میں مجموعی قوتِ مدافعت بلند رکھنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔

ڈاکٹر رانا ستار نے کہا کہ انسدادِ پولیو مہمات کے دوران ویکسینیشن معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات کا متبادل نہیں بلکہ ان کا اہم تکمیلی حصہ ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ اگر ان کے بچے کو معمول کی ویکسینیشن کے تحت پولیو ویکسین دی جا چکی ہو تب بھی مہم کے دوران پولیو ٹیموں کو قطرے پلانے کی اجازت دیں۔ انہوں نے کہا، والدین ہر مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ ہمارا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے اور بچوں میں پولیو وائرس کے خلاف مضبوط مدافعت برقرار رہے۔ آگاہی سیشن کے دوران نوجوان ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے اے ایم ایس سے پولیو وائرس کی نگرانی، موجودہ وبائی صورتحال، ملک میں وائرس کی منتقلی روکنے کی پیش رفت اور ان علاقوں کو وائرس کی ممکنہ منتقلی سے محفوظ رکھنے کے اقدامات کے حوالے سے سوالات کیے۔ شرکاء نے اس امر پر بھی گفتگو کی کہ ڈاکٹرز اور ہسپتال کا عملہ پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں کس طرح مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس حوالے سے ویکسین پر اعتماد کو فروغ دینے، غلط معلومات اور افواہوں کا تدارک کرنے، والدین کی مؤثر رہنمائی، بچوں کی ویکسینیشن کی حوصلہ افزائی اور پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کے فروغ کو اہم قرار دیا گیا۔ پنجاب میں 2026 کے دوران اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، تاہم پاکستان کے دیگر علاقوں اور خطے میں پولیو وائرس کی موجودگی کے باعث وائرس کی ممکنہ منتقلی کا خطرہ برقرار ہے۔ اس لیے بچوں میں قوتِ مدافعت کی بلند سطح برقرار رکھنا پولیو سے حاصل ہونے والی پیش رفت کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ سیشن کے اختتام پر ہولی فیملی ہسپتال میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر خصوصی مہم کا باضابطہ آغاز کیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ مہم کے دوران ہر اہل بچے کو پولیو ویکسین کی خوراک ضرور دی جائے گی۔

بقیہ 4

کے علاوہ پرانی سڑک کو توڑنے سے نکلنے والا ملبہ بھی کئی مقامات پر بدستور پڑا ہوا ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک متاثر ہو رہی ہے بلکہ گرد و غبار اور آمدورفت میں بھی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تعمیر شدہ نالوں میں صفائی نہ ہونے کے باعث گند کی جمع ہونا شروع ہو گئی ہے، جو مستقبل میں نکاسیٔ آب کے مسائل اور ماحولیاتی آلودگی کا سبب بن سکتی ہے۔ اہلِ علاقہ نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ کھلے نالوں کو فوری طور پر ڈھانپا جائے، سڑک کنارے پڑا ملبہ ہٹایا جائے، نالوں کی صفائی کر کے حفاظتی اقدامات مکمل کیے جائیں تاکہ عوام محفوظ اور سہولت کے ساتھ اس اہم شاہراہ سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

بقیہ 5

عاصم شہزاد نے کہا کہ قانون کے مطابق چالان کی بروقت عدالتوں میں پیشی وزیرِاعلیٰ پنجاب اور پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے وژن کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ تمام مقدمات کی تفتیش میرٹ، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ اصولوں کے تحت کی جائے اور ایسے ٹھوس شواہد اکٹھے کیے جائیں جن کی مدد سے عدالت میں مؤثر پیروی کر کے ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں ایس ایچ او گوجر خان انسپکٹر محمد رفیق، ایس ایچ او جاتلی انسپکٹر فرخ صغیر بھٹی، اور ایس ایچ او مندرہ انسپکٹر سید ذکاء اللہ سمیت متعلقہ محرر اور پیروی افسران نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تمام زیرِ التواء چالان فوری مکمل کر کے عدالتوں میں پیش کیے جائیں گے۔ پبلک پراسیکیوٹر نے تفتیشی افسران اور ایس ایچ او ز کو قانونی رہنمائی اور پراسیکیوشن سے متعلق ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

بقیہ 6

ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں سے مری آنے والے ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو عالمی معیار کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پنجاب ٹورزم ڈویلپمنٹ کارپوریشن (TDCP) کی جانب سے اسٹیٹ آف دی آرٹ (State-of-the-Art) رہائشی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ سیاحتی حلقوں اور عوامی حلقوں کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کے اس اقدام کو بے حد سراہا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف مری میں سیاحت کو فروغ ملے گا بلکہ سیاحوں کو محفوظ اور بہترین رہائشی ماحول بھی میسر آئے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سیاحوں کی سہولت، سکیورٹی اور بہترین مہمان نوازی کے لیے تمام متعلقہ محکموں کو الرٹ رکھا گیا ہے۔

بقیہ 7

کوٹ پریس کلب پہنچے۔ شرکاء کے ہاتھوں میں قومی عوامی تحریک کے پرچم، بینرز اور بیلے کارڈز تھے، جن پر سندھ کی وحدت، صوبے کی تاریخی و جغرافیائی حیثیت کے تحفظ اور تقسیم کے خلاف نعرے درج تھے۔ ریلی کے دوران کارکنوں نے سندھ کی تقسیم نامنظور سندھ ایک ہے ایک رہے گا اور دیگر نعرے لگاتے ہوئے اپنے مؤقف کا اظہار کیا پریس کلب کے سامنے منعقدہ احتجاجی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی صدر سجاد بروہی، فدا حسین محمرانی اور شاہ علی سہریانی نے کہا کہ سندھ کی تقسیم یا نئے صوبوں کے قیام کی کسی بھی تجویز کو سندھ کے عوام ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ صرف ایک انتظامی اکائی نہیں بلکہ ایک تاریخی، ثقافتی اور تہذیبی شناخت کا حامل صوبہ ہے، جس کی وحدت اور سالمیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں مقررین نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنی دھرتی، وسائل اور قومی تشخص کے تحفظ کے لیے متحد ہیں اور ہر اس اقدام کی آئینی، جمہوری اور عوامی سطح پر مخالفت کریں گے جو سندھ کی وحدت کے خلاف ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور ایسی تجاویز صوبے میں بے چینی پیدا کر سکتی ہیں رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سندھ کی تقسیم یا نئے صوبوں سے متعلق تمام تجاویز اور بیانات کو مسترد کیا جائے اور عوام کے جذبات، صوبے کی تاریخی حیثیت اور آئینی حقوق کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی عوامی تحریک سندھ کے عوام کے ساتھ مل کر ہر فورم پر اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور صوبے کی وحدت کے تحفظ کے لیے پرامن احتجاج کا سلسلہ برقرار رکھا جائے گا احتجاجی ریلی اور جلسے کے اختتام پر شرکاء نے سندھ کی وحدت، سالمیت اور قومی یکجہتی کے حق میں بھرپور نعرے بازی کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنے مؤقف کے لیے جمہوری اور پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بعد ازاں ریلی پرامن طور پر اختتام پذیر ہوگئی۔

بقیہ 8

کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ون) مسرور احمد بھارانی نے نجی اسکولوں کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے اسکولوں میں جشنِ آزادی کی مناسبت سے خصوصی پروگرام منعقد کریں اور طلبہ کو بھی مختلف سرگرمیوں کے لیے تیار کریں، تاکہ قومی دن کو بھرپور جوش، جذبے اور قومی ولولے کے ساتھ منایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی ہمارے لیے ایک اہم قومی دن ہے، جس کا مقصد نئی نسل میں ملک سے محبت، قومی یکجہتی اور وطن سے وفاداری کے جذبے کو اجاگر کرنا بھی ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ کو جشنِ آزادی کی اہمیت اور پاکستان کی تاریخ سے آگاہ کرنے کے لیے تقاریر، ٹیبلو، ملی نغموں، قومی پرچم کشائی سمیت مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔ اجلاس میں شریک نجی اسکولوں کے نمائندوں اور انتظامیہ نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے جشنِ آزادی کی تقریبات بھرپور انداز میں منعقد کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 9

سیکشن کی حدود میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم خان محمد عرف خانو ولد راحب سہریانی کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم مختلف مقدمات میں مطلوب تھا، جن میں ڈکیتی کی منصوبہ بندی، پولیس پر مزاحمت اور سندھ آرمز ایکٹ کے تحت درج مقدمات شامل ہیں۔ ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول بھی برآمد کیا گیا ہے، جسے قانونی کارروائی کے لیے تحویل میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تفتیش میں ملزم کے شہر کے مختلف علاقوں میں موبائل فون، موٹر سائیکل اور پرس سنیچنگ سمیت دیگر جرائم میں ملوث ہونے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ ترجمان کشور پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور توقع ہے کہ اس سے اس کے دیگر ساتھیوں، سہولت کاروں اور مزید وارداتوں کے حوالے سے اہم انکشافات سامنے آئیں گے۔ کشور پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔ اگر آپ چاہیں تو میں اسی خبر کا ٹی وی نیوز بلیٹن (اینکر ریڈ) یا عوامی للکار اخبار کے انداز میں بھی تیار کر سکتا ہوں۔

بقیہ 10

اپنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے مقررہ شیڈول پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ مین شاہراہوں، بازاروں، چوکوں، گلی محلوں اور عوامی مقامات سے کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کا بروقت خاتمہ کیا جائے جبکہ دستیاب مشینری اور گاڑیوں کو مکمل استعداد کے مطابق استعمال میں لایا جائے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں موجودگی اور مؤثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے، عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور صفائی کے نظام میں موجود خامیوں کو فوری دور کیا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ صاف ستھرا ماحول شہریوں کا بنیادی حق اور انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔

بقیہ 11

صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، ایم ڈی واسا، چیف آفیسر ضلع کونسل، ایم ڈی پی ایچ اے، اسسٹنٹ کمشنرز صدر، سٹی، کینٹ، تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کھلے ڈرینز اور مین ہولز کو ہنگامی بنیادوں پر مرمت کر کے فوری طور پر کور کیا جائے، جبکہ تمام شاہراہوں پر روڈ سائنز، زیبرا کراسنگ، بالخصوص سکولوں اور ہسپتالوں کے سامنے حفاظتی نشانات، سڑکوں کے اطراف صفائی، گرین بیلٹس کی بحالی، رنگ و روغن اور خوبصورتی کے تمام کام 16 اگست تک مکمل کر کے جیوٹیگ تصاویر کے ساتھ رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیرِاعلیٰ پنجاب نے ان اقدامات کی تکمیل کے لیے 17 اگست کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کی ہے اور کسی قسم کی تاخیر قبول نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ تھانے اپنے علاقوں میں سرکاری اراضی کی حفاظت، پارکس، کھیل کے میدانوں، گرین بیلٹس اور دیگر تزئینی و خوبصورتی کے منصوبوں پر روزانہ کی بنیاد پر نمایاں پیش رفت یقینی بنائیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی تلفی کی مہم بھی فوری مکمل کی جائے تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے لوکل گورنمنٹ کے افسران کو ہدایت کی کہ یونین کونسلوں میں عوام کو کیونٹی خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی شکایت سامنے نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر یونین کونسل کو ماہانہ تین لاکھ روپے کے فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں، تاہم ان فنڈز کے مؤثر اور شفاف استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت برتنے والے یونین کونسل سیکرٹریز کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ناقص کارکردگی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام افسران پر زور دیا کہ وزیرِاعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق راولپنڈی کو صاف، سرسبز، محفوظ اور خوبصورت ضلع بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت ٹیم ورک کے ساتھ کام کیا جائے تاکہ عوام کو بہترین طرزِ حکمرانی اور معیاری شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 12

منصوبے کی مجموعی پیش رفت، معیارِ تعمیر اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کی مجموعی پیش رفت 25 فیصد مکمل ہو چکی ہے جبکہ ہسپتال کے مرکزی ڈھانچے کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ اس وقت عمارت میں الٹریشن ورک، ماربل فلورنگ، کھڑکیوں، گرلز اور دروازوں کی تنصیب، پلمبنگ اور انیٹوں کے تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ منصوبے کو 31 دسمبر 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ چلڈرن ہسپتال راولپنڈی خطے کا ایک نہایت اہم منصوبہ ہے کیونکہ راولپنڈی اور گردونواح میں بچوں کے لیے اس نوعیت کا کوئی خصوصی سرکاری ہسپتال موجود نہیں۔ اس ہسپتال کے فعال ہونے سے ہزاروں بچوں کو جدید اور معیاری طبی سہولیات ایک ہی چھت تلے میسر آئیں گی اور والدین کو دیگر شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ وزیرِاعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی جانب سے راولپنڈی کی عوام کے لیے یہ چلڈرن ہسپتال ایک قیمتی تحفہ ہے، جسے اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ کمشنر راولپنڈی نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں مریضوں اور تیمارداروں کی سہولت کے لیے تمام بنیادی اور جدید سہولیات کو یقینی بنایا جائے، جن میں مردوخواتین کے لیے علیحدہ ایگزیکٹو واش رومز، کشادہ پارکنگ، آرام دہ ویٹنگ ایریا، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، مؤثر نکاسیٔ آب، معیاری صفائی، جدید لفٹس، ریمپس، ایمرجنسی رسائی، واضح سائن ایج، وہیل چیئر کی سہولت، بجلی کا بیک اپ، فائر سیفٹی انتظامات اور فول پروف سکیورٹی شامل ہوں۔ کمشنر راولپنڈی نے مزید ہدایت کی کہ ہسپتال میں جدید طبی آلات، بچوں کے لیے خصوصی وارڈز، ایمرجنسی، آئی سی یو، آپریشن تھیٹرز، لیبارٹری، فارمیسی اور دیگر طبی شعبہ جات کو بھی بروقت مکمل کیا جائے تاکہ ہسپتال فعال ہونے کے ساتھ ہی عوام کو مکمل طبی خدمات فراہم کی جا سکیں۔ منصوبے کے ہر مرحلے کی مسلسل نگرانی کی جائے، تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور درپیش تمام رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چلڈرن ہسپتال کو موجودہ مالی سال کے دوران ہر ممکن حد تک تیز رفتاری سے مکمل کرتے ہوئے مقررہ ہدف کے مطابق فعال بنایا جائے تاکہ راولپنڈی ڈویژن کے بچوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ 13

خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دہشت گردوں کے خلاف 2 الگ آپریشنز کے دوران پاک فوج نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی 6 اگست کو جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں کی گئی، جہاں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی۔ فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا اس دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دوسری کارروائی ضلع دیر میں کی گئی، جہاں سیکیورٹی فورسز نے مزید 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اس طرح دونوں کارروائیوں میں مجموعی طور پر 10 دہشت گرد مارے گئے۔ بیان میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی اداروں کے مطابق یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ان علاقوں میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ بیان کے مطابق وفاقی انسپکٹر کمیٹی کے منظور کردہ قومی ایکشن پلان کے تحت عزمِ استحکام وژن کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں پوری شدت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کیا ہے۔ انہوں نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ آصف زرداری نے کہا کہ قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خلاف ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ دریں اثناء، وزیرِاعظم نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی پھیلانے والے عناصر کے ناپاک عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، آپریشن عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ حکومت اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 14

ہونے کی صورت میں صارفین پر بجلی کے بلوں کی مد میں اضافی مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔

بقیہ 15

این ای کے صدر کاظم خان نے کی، جبکہ وفد میں سینئر نائب صدر ایاز خان، سیکرٹری جنرل غلام نبی چانڈیو، تنویر شوکت، ناصر خٹک، منزہ سہام، مقصود یوسفی، محمود عالم خالد، منیر بلوچ، عبدالسمع، نواز طاہر، بشیر میمن، اعجاز الحق، ممتاز صادق، عبدالخالق، شکیل ترابی، سید انتظار، احسن زنجانی، میاں حسن احمد، حامد حسین عابدی، شیر محمد کھاوڑ، محمد اکمل چوہان، عرفان اطہر، شہزاد حسین، ڈاکٹر زبیر محمود، ذوالفقار احمد راحت، وقاص طارق اور کاشف حسن شامل تھے۔ ملاقات میں ملک میں صحافت، اخباری صنعت کو درپیش مالی و انتظامی مسائل، اظہار رائے کی آزادی، ذمہ دارانہ صحافت، سرکاری اشتہارات کی پالیسی، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور حکومت و میڈیا کے درمیان مؤثر روابط سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور بااصول صحافت جمہوری معاشرے کا بنیادی ستون ہے۔ میڈیا عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور مؤثر رابطے کا اہم ذریعہ ہے، جو عوام کو درست معلومات کی فراہمی، شفاف طرزِ حکمرانی، مؤثر احتساب اور جمہوری اداروں کے استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے، تاہم قومی مفاد، آئین و قانون کی بالادستی، حقائق پر مبنی رپورٹنگ اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ میڈیا کو درپیش مسائل کے حل اور صحافتی شعبے کے استحکام کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں اور میڈیا تنظیموں کو باہمی تعاون کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ سی پی این ای کے وفد نے اخباری صنعت کو درپیش معاشی مشکلات، اخبارات کی پائیداری، سرکاری اشتہارات کی پالیسی، صحافیوں کی فلاح اور پیشہ ورانہ ماحول کی بہتری سے متعلق اپنے تحفظات اور تجاویز پیش کیں۔ وفد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ذمہ دار، متوازن اور حقائق پر مبنی صحافت کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں نے وفد کی تجاویز کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ میڈیا سے متعلق جائز مسائل کو متعلقہ فورمز پر مؤثر انداز میں اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور میڈیا کے درمیان باہمی اعتماد، احترام اور مسلسل مکالمہ ہی مضبوط جمہوری روایات، قومی یکجہتی اور عوامی مفاد کے تحفظ کی ضمانت ہے۔

بقیہ 16

منصوبے پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی توسیعی منصوبے کا مجموعی طور پر 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ نئے کیمروں کی تنصیب کا بھی 85 فیصد مرحلہ مکمل کر لیا گیا ہے، منصوبے کے تحت 415 کلومیٹر آپٹیکل فائبر بچھائی جا چکی ہے، ڈیٹا سینٹر، سائبر آرکیٹیکچر اور سائبر سکیورٹی پر بھی تقریباً 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیف سٹی توسیعی منصوبہ ہر صورت 30 ستمبر تک مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اسلام آباد سیف سٹی کے جدید فیوژن سینٹر کو بھی تین ماہ کے اندر مکمل کرنے کا ٹاسک دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت کا عزم اسلام آباد سیف سٹی کو جدید، سمارٹ اور ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر عالمی معیار کا ادارہ بنانا ہے، جدید ٹیکنالوجی سے لیس سیف سٹی نظام شہریوں کے تحفظ، مؤثر نگرانی اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ سیف سٹی بل کو حتمی شکل دے کر جلد از جلد قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، سیف سٹی کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ افسران بھی شریک تھے، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ کو منصوبے پر جاری پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 17

جاری کر دیا ہے جس کے تحت دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں سے 13 اگست تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹینڈر میں شرکت کیلئے کمپنیوں کو 2 کروڑ روپے کی بڈ سیکیورٹی جمع کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق درخواستیں ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور کو جمع کرانا ہوں گی، جبکہ کراچی ایئرپورٹ پر موجود فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم پرانا ہو چکا ہے جسے جدید نظام سے تبدیل کیا جائے گا۔

بقیہ 25

وزیرِاعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر دفاع خواجہ محمد آصف بھی وزیرِاعظم کے ہمراہ ہیں۔

بقیہ 26

جمہوریہ ترکیہ کے صدر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیرِاعظم کا مکہ المکرمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا، جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مملکتِ سعودی عرب، جمہوریہ ترکیہ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان قائم دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، نیز باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تینوں ممالک کے مابین دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے پائیدار رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی شعبے میں طویل عرصے سے جاری تعاون کی روشنی میں، مملکتِ سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیرِاعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیرِاعظم محمد شہباز شریف نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ تینوں ممالک کی جانب سے اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کے حصول کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں یہ واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ ت

راولپنڈی کو سرسبز اور خوبصورت شہر بنانے کیلئے منصوبہ بندی

پی ایچ اے کو ہدایت کی کہ میٹرو اسٹیشنز اور پلازز کے اطراف شجرکاری اور خوبصورت پودوں کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے

راولپنڈی کو صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی کو مزید سرسبز، خوبصورت اور جدید شہری سہولیات سے آراستہ کرنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، چیف آفیسر ضلع کونسل، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن، منیجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے اور منیجر آپریشن پنجاب میٹرو بس اتھارٹی سمیت متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں راولپنڈی کے دس میٹرو بس اسٹیشنز، میٹرو روٹ اور پلازز کی خوبصورتی، تزئین و آرائش اور شہری ماحول (بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر بیوٹیفکیشن کے حوالے سے اجلاس کی زیر صدارت کر رہے ہیں

10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے، حنیف عباسی

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے شب و روز مصروف عمل ہیں اور پوری قوم اپنے جوانوں کی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر کرتی ہے۔

سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق شہر بھر میں نماز جمعہ کے دوران موثر سیکیورٹی انتظامات، فیلڈ افسران نے سیکیورٹی انتظامات کو چیک اور فورس کو بریف کیا

پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا میں قیام امن کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی بھرپور ستائش کی ہے۔ وزیر داخلہ نے اعظم ورسک اور دیر کے علاقوں میں 10 خوارجیوں کو جہنم واصل (بقیہ نمبر 39)

کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش

اللہ تعالیٰ ہمارے بہادر جوانوں کی حفاظت فرمائے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن واستحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے جوان پوری قوم کا فخر ہیں، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ریاست، حکومت اور پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی، ڈی ایس پی ایڈمن شاہدہ یاسمین فرینڈز آف پولیس انٹرنشپ پروگرام میں شامل طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہی ہیں

فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 48ویں بیچ کا اختتام

انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء وطالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے

انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات اور نوجوانوں کو پولیس آگاہی مہم میں شامل کیا جائے گا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 48ویں بیچ کا اختتام، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء وطالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں (بقیہ نمبر 2)

پولیس کی ناقص تفتیش کے باعث ہیروئین کا ملزم بری

لاہور (این این آئی) کاہنہ پولیس کی ناقص تفتیش پر ہیروئین کا ملزم بری ہوگیا۔ ایڈیشنل سیشن جج مسرور انور نے 5 سو 40 گرام ہیروین کے ملزم کو بری کر دیا۔ عدالت کا کہنا ہے کہ اگر پولیس کا تفتیشی نظام بہتر ہو جائے تو منشیات کا کوئی ملزم بری نہ ہو۔ تھانہ کاہنہ پولیس نے ملزم کرامت علی کے خلاف آدھا کلو ہیروئین رکھنے کا کیس پیش کیا (بقیہ نمبر 42)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

پولیس کی حراست میں جاں بحق خواتین کی موت دل بند ہونے سے ہوئی

موت کی حتمی وجہ کا تعین کرنے کے لیے ضروری نمونہ جات فرانزک لیبارٹری بھجوا دیئے گئے

لاہور (این ایس آئی) ٹاؤن ٹان شپ تھانے میں دوران حراست جاں بحق ہونے والی خواتین کی ابتدائی میڈیکل رپورٹ کے مطابق دونوں خواتین کی موت دل بند ہونے کے باعث ہوئی تاہم موت کی حتمی وجہ کا تعین کرنے کے لیے ضروری نمونہ جات فرانزک لیبارٹری بھجوا دیئے

پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کے وسیع مواقع موجود

حکومت سرمایہ کاری اور جدت کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے بے شمار مواقع موجود ہیں جن سے دونوں ممالک کی مشترکہ ترقی، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ وہ گلوبل ساؤتھ انوویشن اینڈ انویسٹمنٹ سمٹ 2026 سے بطور مہمان (بقیہ نمبر 44)

ہولی فیملی ہسپتال میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز

ویکسین پر اعتماد اور بار بار ویکسینیشن کی اہمیت پر زور، لدین کو بچوں کو متعدد مرتبہ پولیو کے قطرے پلائے جانے پر تشویش نہیں ہونی چاہئے

ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر رانا ستار نے نوجوان ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کیلئے آگاہی و معلوماتی سیشن کی قیادت

راولپنڈی (این ای این) ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی میں خصوصی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا۔ ہسپتال کی ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (اے ایم ایس) ڈاکٹر رانا ستار نے نوجوان ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے لیے آگاہی و معلوماتی سیشن کی قیادت کی، جس میں والدین کے تحفظات دور کرنے، ویکسین پر اعتماد کو فروغ دینے اور بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانے کی اہمیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر رانا ستار نے شرکاء کو بتایا کہ پولیو سے بچاؤ کے لیے بار بار پولیو ویکسین کی خوراک دینا انتہائی اہم ہے کیونکہ ہر اضافی خوراک (بقیہ نمبر 3)

موبائل شاپ سے موبائلز چوری کر کے فرار ہونیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این ایس آئی) تھانہ صدر واہ پولیس نے حسن ابدال اٹک میں موبائل شاپ سے موبائلز چوری کر کے فرار ہونے والا ملزم گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کے 44 موبائل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے حسن ابدال اٹک میں موبائل شاپ سے موبائلز چوری کر کے فرار ہونے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے لاکھوں روپے مالیت کے 44 موبائل برآمد ہوئے، ملزم (بقیہ نمبر 45)

تھانہ صدر واہ پولیس کی فوری کارروائی، حسن ابدال اٹک میں موبائل شاپ سے موبائلز چوری کر کے فرار ہونے والا ملزم گرفتار،

قومی عوامی تحریک کا سندھ کی تقسیم کے خلاف بھرپور احتجاج

گھنٹہ گھر چوک سے پریس کلب تک ریلی سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں کا اعلان

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) قومی عوامی تحریک ضلع کشمور کی جانب سے سندھ کی تقسیم اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق زیرِ بحث تجاویز کے خلاف جمعہ کے روز کندھ کوٹ میں بھرپور احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت قومی عوامی تحریک کے ضلعی صدر سجاد بروہی، فدا حسین محمدانی اور شاہ علی سہریانی نے کی، جبکہ کارکنوں اور حامیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی گھنٹہ گھر چوک سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی کندھ (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

راولپنڈی (این ایس آئی) صادق آباد روڈ پر گارمنٹس اور امپورٹڈ شوز کی دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ کو ملحقہ دکانوں تک پھیلنے سے بھی روک دیا گیا، جس سے بڑے مالی نقصان کا خدشہ ٹل گیا۔

ڈپٹی کمشنر مری کی قیادت میں محکمہ واسا کی برق رفتار خدمات جاری

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری کی مؤثر قیادت اور فعال نگرانی میں محکمہ واسا مری کے شہریوں کو بہترین اور فوری سہولیات فراہم کرنے کے لیے سرگرم ہے۔ پہاڑی علاقے کے موسمی چیلنجز کے پیش نظر واسا کی ٹیمیں ہنگامی صورتحال، نکاسی آب کے مسائل اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے دن رات فیلڈ میں متحرک ہیں، جس سے شہریوں کے مسائل کا بروقت ازالہ ممکن ہو رہا ہے۔

امیدواروں کی سہولت کیلئے فزیکل ٹیسٹ ریویو بورڈز کا انعقاد

اسلام آباد (این ایس آئی) اسلام آباد پولیس ریکروٹمنٹ 2026 کے سلسلے میں امیدواروں کی سہولت اور بھرتی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فزیکل ٹیسٹ کے ریویو بورڈز کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لاء اینڈ آرڈر اینڈ ٹریننگ محمد عتیق طاہر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سیکیورٹی رانا عمر فاروق کی نگرانی میں ریویو بورڈز کے دوران ان امیدواروں کو دوبارہ پیمائش کا موقع فراہم کیا گیا (بقیہ نمبر 41)

ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر اینڈ ٹریننگ محمد عتیق طاہر کی زیر نگرانی امیدواروں کی سہولت کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں ہونے والے فیزیکل ٹیسٹ کے ریویو بورڈ کا انعقاد کیا گیا

جشن آزادی کی تقریبات کے حوالے سے اہم اجلاس

نجی اسکولوں کو جشن آزادی کے بھرپور پروگرام منعقد کرنے کی ہدایات

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: جشنِ آزادی پاکستان کے حوالے سے ضلع بھر میں ہونے والی تقریبات کو بھرپور اور جوش و جذبے سے منانے کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون مسرور احمد بجارانی کی صدارت میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کے سرکاری و نجی اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جشنِ آزادی کے حوالے سے نجی اسکولوں میں مختلف تقریبات، پروگرامز اور سرگرمیوں کے انعقاد (بقیہ نمبر 8)

وزیر تعلیم کا تعلیمی سرگرمیوں کے جزوی آغاز کا سخت نوٹس

تعلیمی ادارے 24 اگست سے پہلے نہ کھولے جائیں، خلاف ورزی قابل قبول نہیں

رانا سکندر حیات کی تعطیلات کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (این ایس آئی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بعض سکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کے جزوی آغاز کا سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام تعلیمی اداروں کو تعطیلات کے نوٹیفکیشن پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ وزیر تعلیم نے تعلیمی اداروں پر واضح کیا ہے کہ کسی سرکاری یا نجی تعلیمی ادارے کو 24 اگست سے پہلے تعلیمی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے۔ تعطیلات کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد نہ کرنے والے سکولوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور سخت ایکشن لیا جائے گا۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ طلبہ کے تعلیمی نقصان کے ازالے کیلئے باہم مشاورت سے ہی تعلیمی اداروں کو ایک ماہ کیلئے سمر کیمپس کی اجازت دی گئی تھی جس کے بعد وہ تعطیلات کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کے پابند ہیں۔ وزیر تعلیم نے تمام سکول مالکان (بقیہ نمبر 46)

ضلع کشمور ایٹ کندھ کوٹ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی

موبائل، موٹر سائیکل اور پرس سنیچنگ کی متعدد وارداتوں میں مطلوب ملزم اسلحہ سمیت گرفتار

کندھکوٹ: (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس کی بڑی کارروائی، متعدد سنیچنگ وارداتوں میں مطلوب ملزم اسلحہ سمیت گرفتار کندھکوٹ: ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے دوران کشمور پولیس نے ایک اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے مبینہ طور پر متعدد وارداتوں میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق انچارج مددگار کندھکوٹ خلیل احمد لغاری نے دورانِ گشت تھانہ اے (بقیہ نمبر 9)

سکیورٹی ڈویژن (ایس پی یو) آفس میں انسپکٹر ثاقب علی خان کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کے اعزاز میں ریک لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکستانی آم لینڈ پورٹ کے ذریعے سنکیانگ پہنچ گئے

رواں سال کی پہلی کھیپ کاشغر اور کورلا کی مقامی منڈیوں میں پہنچ گئی

کاشغر (این ایس آئی) پاکستان سے 2 ٹن آموں کی کھیپ رواں سال پہلی بار سنکیانگ پہنچ گئی، کسٹمز کلیئرنس کے بعد آم کاشغر اور کورلا کی مقامی منڈیوں میں فروخت کے لیے پہنچا دیے گئے، جس سے خطے میں درآمدی تازہ پھلوں کی فراہمی میں اضافہ ہوا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستانی آم چین اور پاکستان کے درمیان قائم ایک (بقیہ نمبر 47)

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا ناکہ جات کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں کو سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این ایس آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے ناکہ جات اور مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف ناکہ جات اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا۔

ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنیوالا اشتہاری گرفتار

اشتہاری جولائی 2019 سے پولیس کو مطلوب تھا، پانچ ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے

راولپنڈی (این ایس آئی) وارث خان پولیس نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری جولائی 2019 سے پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

افتتاح کے چند روز بعد ہی ڈھوک سیداں گرجا روڈ پر شہری مسائل نمایاں

کھلے نالے، سڑک کنارے ملبہ اور جمع ہوتی گندگی حادثات کو دعوت دینے لگی، سڑک کے دونوں اطراف تعمیر کیے گئے نالے تاحال کھلے چھوڑ دیے گئے

نالوں کی صفائی کر کے حفاظتی اقدامات مکمل کیے جائیں، اہلِ علاقہ کا فوری نوٹس کا مطالبہ، حفاظتی اقدامات اور صفائی یقینی بنانے کی اپیل

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈھوک سیداں گرجا روڈ کینٹ پر حال ہی میں مکمل ہونے والی سڑک عوام کے لیے کھول دی گئی ہے، جس کا افتتاح رکن پنجاب اسمبلی ملک منصور نے کیا تھا۔ سڑک کی تعمیر سے علاقے میں ٹریفک کی روانی بہتر ہوئی ہے، تاہم منصوبے کی تکمیلی خامیوں نے شہریوں کو نئی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق سڑک کے دونوں اطراف تعمیر کیے گئے نالے تاحال کھلے چھوڑ دیے گئے ہیں، جن کے باعث پیدل چلنے والوں، موٹر سائیکل سواروں اور بچوں کو ہر وقت حادثات کا خدشہ لاحق رہتا ہے۔ اس (بقیہ نمبر 4)

ڈھوک سیداں گرجا روڈ کینٹ پر حال ہی میں مکمل ہونے والی سڑک عوام کے لیے کھول دی گئی

راولپنڈی، اپنے تایا زاد بھائی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے کزن علی کو قتل کیا تھا

راولپنڈی (این ایس آئی) چکلالہ پولیس نے اپنے تایا زاد بھائی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چکلالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپنے تایا زاد بھائی کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے دو روز قبل لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے کزن علی کو قتل کیا تھا، چکلالہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی پوٹھوہار (بقیہ نمبر 48)

پنجاب سوشل سکیورٹی اور لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بہاولپور کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور (این ایس آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ کی زیر صدارت بہاولپور میں ڈائریکٹوریٹ آف پنجاب سوشل سکیورٹی اور لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر کو پنجاب سوشل سکیورٹی اور لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور اور محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب سوشل سکیورٹی بہاولپور میں تقریباً 25000 محنت کش رجسٹرڈ ہیں اور بی ایچ یو ہولت کو اپ گریڈ کرتے ہوئے مئی ہسپتال بنانے کی ضرورت ہے، چائلڈ لیبر کے انسداد اور محنت (بقیہ نمبر 49)

کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، حذیفہ رحمٰن

محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے

اسلام آباد (این ایس آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے معاونِ خصوصی حذیفہ رحمٰن نے کہا ہے کہ کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت اپنی آئینی مدت مکمل کرے گی۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمٰن نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے، محسن نقوی کے وزیر اعظم شہباز شریف سے ذاتی تعلقات اور دوستی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سے ایسے بیان کی توقع نہیں تھی، تاہم ان کی باتوں کو جذباتی سمجھتے ہیں اور ان پر مزید تبصرہ نہیں کریں گے۔

اے ایس پی سید دانیال کے حکم پر پبلک پراسیکیوٹر کی زیر صدارت اجلاس

گوجر خان، مندرہ اور جاتلی کے ایس ایچ اوز، محرر اور پیروی افسران کی شرکت، چالان بروقت عدالتوں میں جمع کرانے کا فیصلہ

تفتیش غیر جانبدارانہ اور قانون کے مطابق کی جائے، مضبوط شواہد سے ملزمان کو سزا دلوائیں گے، عاصم شہزاد

گوجر خان (قمر شہزاد) اے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کے احکامات پر پبلک پراسیکیوٹر عاصم شہزاد کی زیر صدارت تھانہ گوجر خان، مندرہ اور جاتلی کے ایس ایچ اوز، محرر اور پیروی افسران کا ایک اہم ترین اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا بنیادی مقصد زیر تفتیش مقدمات کے چالان بروقت عدالتوں میں جمع کروانا، تفتیشی معیار کو شفاف بنانا اور انصاف کی جلد فراہمی کے لیے پولیس و پراسیکیوشن کے باہمی ورکنگ ریلیشن شپ کو مزید مضبوط کرنا تھا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پبلک پراسیکیوٹر (بقیہ نمبر 5)

ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کی پوٹھوہار آفس میں میٹنگ کر رہے ہیں

ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کی پوٹھوہار آفس میں میٹنگ

امن وامان کا قیام اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے، چوہدری اثر علی

راولپنڈی (این ایس آئی) ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے پوٹھوہار آفس میں میٹنگ کے دوران تمام افسران سے فرداً فرداً زیر تفتیش مقدمات کی پراگرس کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کی پوٹھوہار آفس میں میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ میں ایس ڈی پی او کینٹ، ایس ایچ او ز کینٹ سرکل اور انچارج چوکیات نے شرکت کی، ایس پی پوٹھوہار نے تمام افسران سے فرداً فرداً زیر تفتیش مقدمات کی (بقیہ نمبر 50)

5 افراد زیر حراست، چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این ایس آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 افراد کو حراست میں لے کر چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 افراد کو حراست میں لے کر 1 کلو 280 گرام چرس، 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ سٹی، رتہ امرال، نیو ٹاؤن اور ویسٹریج کے علاقوں میں کی گئیں۔

عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ (بقیہ نمبر 51)

سکیورٹی ڈویژن (ایس پی یو) آفس میں انسپکٹر راجا طاہر محمود کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کے اعزاز میں ریک لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سرگودھا (این ایس آئی) حکومت پنجاب نے موسم گرما کی سرکاری تعطیلات میں خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا اور اس پر عمل درآمد کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر دیے گے۔ ذرائع کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اظہر سہیل نیازی نے موسم گرما کی سرکاری تعطیلات میں خفیہ طور پر سکولز کھولنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن پر عمل درآمد کے لئے متعلقہ افسران کو ضلع بھر میں نجی تعلیمی اداروں کو اچانک چیک (بقیہ نمبر 52)

ڈپٹی کمشنر مری کی زیر قیادت سیاحت کے روشن باب کا آغاز

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا سیاحوں کے لیے ''ٹی ڈی سی پی'' کی اسٹیٹ آف دی آرٹ رہائشی سہولیات کا اعلان

سیاحتی حلقوں اور عوامی حلقوں کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کے اس اقدام کو بے حد سراہا جا رہا ہے

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر قیادت ضلع میں سیاحت کے روشن باب کا آغاز، سیاحوں کے لیے ''ٹی ڈی سی پی'' کی اسٹیٹ آف دی آرٹ رہائشی سہولیات کا اعلان، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی پرعزم اور متحرک سربراہی میں ضلع مری میں ترقیاتی اور فلاحی عمل کا ایک نیا دور شروع ہو چکا ہے۔ ضلعی انتظامیہ مری میں سیاحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 6)

گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز، پانچ مشکوک افراد تھانہ منتقل

38 افراد، 196 گھروں، 38 دکانیں، چھ ہوٹل 216 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این ایس آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران جانچ پڑتال کیلئے پانچ مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 381 افراد، 196 گھروں، 38 دکانیں، چھ ہوٹل، 216 موٹر سائیکلوں اور 81 گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 53)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-